16/07/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........مرکزی کا بینہ نے زرعی پیدا وار بڑھانے اور کسانوں کی بہبودی کےلئے وزیراعظم دھن دھانیہ کرشی یوجنا کودی منظوری۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر کے ریاستی درجے کی جلد بحالی کی جتائی اُمید// جموں میں کئی پروجیکٹوں کا افتتاح۔

*........سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا بارش کے باوجود احسن طریقے پر جاری // درشن کرنے والوں کی تعداد ڈھائی لاکھ کے قریب۔

اور

*........پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے قبل سرکار نے اتوارکیلئے بلائی کل جماعتی میٹنگ ۔

کا بینہ

وزیر اعظم نریندر مو دی کی صدارت میں منعقدہ مرکزی کا بینہ نے زرعی پیدا وار بڑھانے کےلئے وزیر اعظم دھن دھانیہ کر شی یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔ یہ سکیم دیر پا زرعی عملیات اور فصلوں کے اقسام بڑھانے کے علاوہ فصلوں کی کٹائی کے بعد انہیں ذخیرہ کرنے اور آبپاشی کی سہولیات بڑھانے کے ساتھ ساتھ کسانوں کےلئے قرضے دستیاب کرنے کی سہولیات پر مرکوز ہے۔

کا بینہ میٹنگ کے بعد نئی دلی میں میڈیا سے بات کر تے ہوئے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس یوجنا کے تحت ملک بھر میں100اضلاع کا انتخاب کیا جائے گا، جہاں فصلوں کی پیدا وار بڑھانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ انہوننے کہا کہ اس سکیم کی بدولت ملک بھر کے1کروڑ70لاکھ کسانوں کو فائدہ پہنچے گا۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نیشنل ہاسپٹل جموں میں پروجیکٹ 13,13 کا افتتاح کیا جو خواتین کےلئے معیاری اور قابل استطاعت طبی نگہداشت کی ایک اولین پہل ہے۔

وزیر اعلیٰ نے اسطرح کے اقدام سے طبی نگہداشت کی سہولت سب کےلئے قابل رسائی بنانے پر متعلقہ اسپتال کی کوششوں کو سراہاتے ہوئے اسپتال انتظامیہ کو شاباشی دی۔

بعد میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے اُمید ظاہر کی کہ جموںو کشمیر کا ریاستی درجہ بہت جلد بحال کیا جائے گا۔ انہوںننے یہ معاملہ مرکز کے ساتھ اُٹھانے کےلئے کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے اور پارٹی لیڈر راہل گاندھی کا شکریہ ادا کیا۔

عمر نقاب کشائی

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول گاندھی نگر جموں میں معروف ماہر تعلیم کلدیپ کمار بڑھیال کے مجسمے کی نقاب کشائی کی۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آنجہانی نے اپنے فرائض کی خاطر اپنی جان قربان کر کے شجاعت کی ایک مثال قائم کی تھی۔

اس موقعے پر وزیر تعلیم سکینہ ایتو ، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، پارلیمنٹ ممبر جگل کشور اور ممبران اسمبلی چودھری وِکرم رندھاوا اور سجاد شفیع بھی موجود تھے۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے گورنمنٹ ہائر سکندر سکول گاندھی نگر کو آنجہانی کلدیپ کمار بڑھیال کے نام سے منسوب کرنے کا بھی اعلان کیا۔

وارتا

مرکزی وزارت اطلاعات و نشریات کے تحت پریس انفارمیشن بیورو سرینگرکی جانب سے آج سرینگر میں ”وارتا“ پروگرام کا اہتمام کیا گیا، جس دوران ذرائع ابلاغ کو گذشتہ دس برسوں مینصحت اور زراعت کے شعبہ جات مینحاصل کی گئی پیش رفت سے متعلق جانکاری دی گئی۔پروگرام میں ڈائریکٹر انفارمیشن نتیش راجورا نے خاص مہمان کی حیثیت سے شرکت کی۔اس موقعے پر انہوں نے کہا ۔

پروگرام میں سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی کے منیجر آپریشنز ڈاکٹر وسیم اکرم اور شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے انچارج انفارمیشن و پبلکیشن پروفیسر ڈاکٹر Amal سکسینہ اور ڈاکٹر لیاقت علی چودھری نے بطوررسورس پرسن شرکت کی ۔

ہمارے نمائندے تجمل احمد نے خبر دی ہے کہ ڈاکٹر وسیم اکرم نے صحت سے متعلق مرکزی سرکار کی اسکیم آیوشمان بھارت اور جموں کشمیر میں اس اسکیم کی عمل آوری کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔

سکسینہ اور ڈاکٹر لیاقت علی چودھری نے حال ہی میں منعقد کئے گئے وکست Amal پروفیسر ڈاکٹر کرشی سنکلپ ابھیان 2025کی کامیابیوں سے متعلق کہا کہ اس ابھیان کے دوران یونیورسٹی اور محکمہ زراعت اور دیگر منسلک محکمہ جات کے سائنسدانوں اور ماہرین نے عام کسان کےلئے متعلقہ اسکیموں کے علاوہ تکنیکی جانکاری اور مسائل کا حل موقعے پر ہی پیش کیا ۔

پروگرام کے دوران پی آئی بی سرینگرکے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سنیل کول نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیاجبکہ میڈیا اینڈ کیمونکیشن آفیسر ماجد پنڈت کی جانب سے پروگرام کے حوالے سے سبھی انتظامات کئے گئے تھے۔

## یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج بارش کے باوجود دونوں راستوں سے جاری ہے۔ آج سہ پہر4بجے تک مزید 11 ہزار732یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔ اس طرح سے مجموعی طور پر درشن کرنے والوں کی تعدادڈھائی لاکھ سے زیادہ ہو گئی ہے ۔

اسی دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار64 یاتر یوں کا ایک اور قافلہ وادی پہنچ گیاہے۔

یاترا کے راستوں پر تازہ موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر مختار احمد نے بتایا۔

## تاثرات

دریں اثناءیاتری یہاں کی موسم، لوگوں کی مہمان نوازی اور یاترا کے تعلق سے انتظامیہ کی طرف سے سلامتی سمیت دیگر انتظامات سے کا فی مطمئن ہیں۔

آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کئی یاتریوں کے تاثرات۔

## سریکلچر

سریکلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے اہتمام سے منعقد ہوا تین روزہ سکل ڈیولپمنٹ تربیتی پروگرام آج اختتام پذیر ہوا۔ سینٹرل سریکلچر ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی چیوٹ پانپور میں منعقدہ اس پروگرام کے دوران سرحدی اضلاع کپواڑہ اور بارہمولہ سے تعلق رکھنے والے کِرم کشوں کو ضروری تربیت دی گئی۔

اختتامی تقریب پر اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے محکمے کے ڈائریکٹر اعجاز احمد بٹ نے کہا کہ HADP کے تحت سریکلچر کے شعبے کو مزید فروغ دیا جا رہا ہے۔

انہوںنے اس موقعے پر” میرا ریشم میرا ابھیمان“ نامی مہم کا آغاز کیا جو جمونو کشمیر کے 8اضلاع میں عملائی جائے گی۔

ڈائریکٹر موصوف نے پروگرام کے دوران تربیت پانے والے افراد میں اسناد اور ضروری ساز و سامان تقسیم کیا۔

## نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں سٹیج اور ٹی وی اداکار شاہد ملک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

کل جماعتی میٹنگ

سرکار نے 21جولائی سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے پہلے اتوار کو ایک کل جماعتی میٹنگ طلب کی ہے ۔ میٹنگ کے دوران سرکار دونوں ایوانوں کی کارروائی احسن طریقے پر چلانے کی غرض سے سبھی پارٹیوں سے تعاون طلب کرے گی ۔

پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس21جولائی سے شروع ہو کر 21اگست کو اختتام پذیر ہوگا۔اس اجلاس کے دوران کئی قوانین کو بحث کرنے اور پاس کرنے کیلئے اٹھایا جائےگا ۔

برگیڈڑ عثمان

ضلع انتظامیہ راجوری اور بھارتی فوج کی جانب سے جانگرنو شہرہ مینعثمان میموریل اینڈ کیمونٹی لرننگ سینٹر مینمہاویر چکر برگیڈئر محمد عثمان کی113ویں سالگرہ کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔

اس موقعے پر برگیڈئر عثمان کی زندگی اور ان کی قربانی پر مبنی ایک دستاویزی فلم دکھائی گئی۔ برگیڈئر عثمان نے 1947-48 کے بھارت پاک جنگ میں نو شہرہ کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جان نچھاور کی تھی۔

پولیس

جمونو کشمیر پولیس نے بڈگام ضلعے میں، پاکستان سے اپنی سرگرمیاں انجام دینے والے ضلعے سے تعلق رکھنے والے منظور احمد چوپان، محمد یوسف ملک اور بلال احمد وانی کی کئی جائیدادیں قرق کی ہیں۔

پولیس پریس ریلیز کے مطابق یہ کاروائیاں ضلعے کے کھاگ، چیوا بیروہ اور ہارونی خانصاحب علاقوں میں عمل میں لاگئیں۔

NC

نیشنل کانفرنس نے صوبہ کشمیر کی مجلس عاملہ کی تشکیل نو عمل میں لائی ہے۔ اس سلسلے میں پارٹی کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر کی طرف سے عہدیداروں کی نئی ذمہ داریوں کی نسبت سے ایک حکم نامہ جا ری کیا ہے۔

نو تشکیل شدہ مجلس عاملہ میں دیگر سینئر عہدیداروں کے علاوہ پنڈت اقلیتی سیل کے کنوینر بھوشن لعل بھٹ اور خالصہ اقلیتی سیل کے سردار جگدیش سنگھ آزاد بھی شامل ہیں۔

پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، نائب صدر عمر عبداللہ ، جنرل سیکریٹری حاجی علی محمد ساگر اور معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال نے مجلس عاملہ کے نئے ممبران کو مبارکباد پیش کی ہے۔

پارٹی کے عہدیداروں نے اس موقعے پر جموںو کشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کےلئے جد وجہد جا ری رکھنے کا عزم دہرایا۔

**بی جے پی**

پردیش بی جے پی صدر ست شرما، حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول اور دیگر سینئر لیڈروں نے ایک شاندار تقریب پر پارٹی کے سینئر لیڈر کویندر گپتا کو لداخ کا نیا لیفٹنٹ گورنر مقرر کئے جانے پر انکی شایان شان انداز سے عزت افزائی کی۔

اس دوران بی جے پی کے قومی جنرل سیکریٹری ترون چُگ نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی طرف سے چینی صدر شی جن پنگ کے ساتھ پہلگام حملے میں پاکستانی معاونت سے متعلق تشویش ظاہر کرنے پر سینئر کانگریس لیڈر اور لوک سبھا میں حزب اختلاف کے لیڈر راہل گاندھی کی طرف سے سوال اٹھانے جانے پر اعتراض جتایا ہے۔

دریں اثناءپردیش بی جے پی کے ترجمان گورو گپتا نے کہا ہے کہ خلائی مشن ایگزیوم فور میں بھارت کے خلاءباز گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا کی بدولت خلاءمیں بھارت کا جھنڈا کا فی اونچائی پر لہرایا ، جو کہ پوری قوم کےلئے باعث افتخار ہے۔

**BJYM**

بھارتیہ جنتا یووا مورچہ نے سینٹرل ایڈمنسٹریٹیو ٹریبونل کے اُس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے جس کے تحت نائب تحصیلدار اسامی کی بھرتی کےلئے اردو زبان کو لازمی اہلیت قرار دینے والے اصول پر روک لگا دی گئی ہے۔

اس سلسلے میں مورچہ کے کشمیر یونٹ کا ایک جلسہ سرینگر میں منعقد ہوا، جس میں کئی عہدیداروں اور کارکنوں کے علاوہ جنتا یووا مورچہ کے جموں کشمیر کے صدر ارون پربھات نے بھی شرکت کی۔

انہوننے ٹریبونل کے فیصلے کو انصاف پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور اُنہیں مساوی مواقعے فراہم کرنے کی جانب ایک ٹھوس قدم ہے۔

**PDP**

دریں اثنائ PDP صدر محبوبہ مفتی اور پارٹی لیڈر و MLA پلوامہ و حید الرحمان پرہ نے ٹریبونل کے اس فیصلے کو بدقسمتی سے تعبیر کیا ہے۔ اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں انہوننے کہا ہے کہ اُردو کسی مذہب یا فرقے کی زبان نہیں ہے۔

انہوننے کہا کہ اُردو کئی دہائیوں سے جموںو کشمیر کی تسلیم شدہ سرکاری زبان ہے اور ریو نیو ریکارڈس اور انتظامی معاملات آج بھی اسی زبان میں لکھے اور درج کئے جا تے ہیں۔

انہوننے مزید کہا کہ اس حقیقت کی رو سے نائب تحصیلدار اسامی کے درخواست دہند گان کےلئے اُردو زبان کی مکمل واقفیت لازمی ہے۔

### اعجاز میر

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے لیڈر اعجاز احمد میر نے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ اہم جی نریگا اور دیگر دیہی روزگار سکیموں کی عمل آوری میں شفافیت لائی جانی چاہئے۔

انہوننے ان سکیموں کے متعلقین کے حق میں رقومات کی ادائیگی میںآسانی اور احتساب کو یقینی بنانے کےلئے موثر اقدامات کئے جانے چاہئے۔

### شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج جمونو کشمیر کے بینک منیجنگ ڈائریکٹر امیتاوا چٹر جی سے ملاقات کی۔

محافوں کی نوکریاں جا ری ATM جی ایم شاہین نے اُن سے اپیل کی کہ وہ بینک سے جڑے ہزاروں رکھنے کے معاملے پر غور کریں۔

### GCC

اسٹیزنز نے جموں کشمیر کا ریاست کا درجہ مزید کسی تاخیر کے بغیر بحا ل Concerned گروپ آف کرنے کی ضرورت اُجا گر کی ہے۔

گروپ کے صدر ،سابق ڈویژنل کمشنر خورشید احمد گنائی کی صدارت میں سرینگر میں منعقدہ جنرل باڈی میٹنگ کے دوران عوامی اہمیت اور فوری توجہ کے حامل کئی معاملات اُبھارے گئے ۔

انہوننے جمونو کشمیر میں ہیلتھ سیکٹر مینخالی پڑی اسامیوں، وادی میندریائے جہلم سمیت دیگر آبی ذخائر کا تحفظ ، شہری علاقوں میں سڑک سلامتی اور ٹریفک منیجمنٹ جیسے اہم امور کو بالخصوص اُجاگر کیا۔

### آدھار

نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ سات سال یا اس سے زائد عمر کے بچوں کیلئے آدھار کارڈ UIDAI مینلازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ کا عمل مکمل کریں۔

اگر اس عمل کو پانچ سے سات سال کی عمر کے درمیان مکمل کیا جائے تو اس کے لئے کوئی فیس درکار نہیں ہو گی ۔البتہ اگر لازمی بایومیٹرک سات سال کے بعد اپ ڈیٹ نہ کیا جائے تو اس صورت مینآدھار نمبر غیر فعال قرار دیا جا سکتا ہے۔

### جے شنکر

وزیر خارخہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ پہلگام حملہ ایک سوچھی سمجھی سازش کے تحت اس غرض سے کیا گیا تھا ،کہ جموں کشمیر مینسیاحت سے ہونے والی آمدنی کو نقصان پہنچایا جاسکے اور مذہبی خطوط پر لوگونکو تقسیم کیا جاسکے۔

کل شام چین کے تیان جِن میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزراءخارجہ کی کونسل کی میٹنگ میناظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹرجے شنکر نے دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے معاملات پر سخت موقف اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

مصنوعی ذہانت

آج پورے ملک میں مصنوعی ذہانت کی پذیرائی کا دن منایاجا رہا ہے ۔یہ دن مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کے بڑھتے ہوئے عالمی کردار کی عکاسی کرتاہے ۔

یہ بات خوش آئندہ ہے کہ بھارت آج مصنوعی ذہانت کے شعبے میں عالمی سطح پر ایک قائدانہ رول ادا کر رہا ہے۔

بارش

جمونو کشمیر کے اکثر علاقوں میں گذشتہ دو روز سے وقفے وقفے سے ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کا سلسلہ جا ری ہے۔

تازہ موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے بتایا۔

درجہ حرارت

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر32منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر42منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

..................................

........................

..........